www.KitaboSunnat.com



پر دیدی حلقہ میں یہ آواز بھی گونج رہی ہے کہ "اگر ایک آواز انسانی حلق سے نکلے تو جائز اور اگر وہی کسی
ساز کے "تاروں سے ابھرے تو ناجائز۔ آخر اس سے کیا فرق پڑ جاتا ہے؟" دراصل یہ بھی کم فہمی ہے۔ اگر دونوں
ایک ہی چیز ہیں تو ساز کی ضرورت کیوں اور اگر ایک نہیں تو آپ کا فلسفہ غلط۔ اس کے علاوہ ہمارا یہ دعویٰ ہی
نہیں کہ حلق سے نکلے تو بجا اور ساز سے نکلے تو حرام (بلکہ یہ تو ایک تیسری چیز پیش کی جا رہی ہے)، ہم تو آوا
اور ساز دونوں کو ناجائز سمجھتے ہیں اور اگر کہیں آواز اور ساز دونوں کا امتزاج ہو جائے تو خدا فراموشی
سرشاری کی ایسی بارش ہوتی ہے جس میں یہ سوختہ ساماں سب بہ جاتے ہیں اور ہزاروں بہ گئے ہیں۔ ڈپٹی
نذیر احمد مرحوم لکھتے ہیں:۔

"دہلی اور لکھنؤ کی سلطنتیں انہی خرمستیوں کی نذر ہو گئیں۔" (کتاب الاخلاق ص ۲۵۶)

فاعتبروا یا اولی الابصار!

---

## مقامِ صحابہؓ

خواجہ عبدالمنان راز

خوشا مرتبہ و مقامِ صحابہ ۔۔۔ غلامِ محمد غلامِ صحابہ
کلامِ محمد کلامِ صحابہ ۔۔۔ پیامِ محمد پیامِ صحابہ
گلِ مجتبیٰ سے گلِ مصطفیٰ سے ۔۔۔ معطر معطر مشامِ صحابہ
سمجھ لو کہ ایماں مکمل نہیں ہے ۔۔۔ نہ ہو دل میں گر احترامِ صحابہ
دلوں میں بھی ان کے کیا چاندنی سی ۔۔۔ محمد ہیں ماہِ تمامِ صحابہ
ستاروں کی مانند روشن ہیں سارے ۔۔۔ ہے برحق حدیثِ مقامِ صحابہ
صداقت عدالت سخاوت شجاعت ۔۔۔ ہیں زندہ جہاں میں بنامِ صحابہ

خدا ان سے راضی وہ راضی خدا سے
ہے کیا راز عالی مقامِ صحابہ

---

**دعائے صحت:** "محدث" کے معاون خصوصی خواجہ عبدالمنان صاحب راز ایم اے۔ بی ٹی کافی دنوں سے علیل
ہیں ان کی علالت کی بنا پر ہی پچھلے ماہ بھی ان کے مستقل آرٹیکل (تعارف و تبصرۂ کتب وغیرہ) نہ آ سکے۔ مکرم خواجہ صاحب آجکل ذیابیطس
اور حساسیہ سے بہت متاثر ہیں۔ قارئین "محدث" سے خواجہ صاحب موصوف کی صحت کاملہ عاجلہ کے لیے دعا کی خصوصی درخواست ہے (ادارہ)



محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ